**08.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ آفتاب احمد

**Music**

---

☆ وندے ماترم کی 150ویں سالگرہ کے موقع پر لوک سبھا میں خصوصی بحث جاری ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ قومی گیت نے آزادی کی تحریک کو توانائی بخشی اور آئندہ نسلوں کو ترغیب دی۔

☆ پارلیمنٹ نے عوامی صحت اور سلامتی کی خاطر رقم فراہم کرانے کیلئے ''صحت اور قومی سلامتی Cess بل 2025'' کو منظوری دے دی ہے۔

☆ حکومت نے کہا ہے کہ فضائی سلامتی اولین ترجیح ہے۔ اُس نے پروازوں کے منسوخ ہونے کے حالیہ بحران پر سخت کارروائی کا وعدہ کیا ہے۔

☆ بھارت نے، برطانیہ کی جانب سے بھارت مخالف انتہا پسندوں پر کارروائی کا خیرمقدم کیا ہے۔ اُس نے چین سے، اِس بات کیلئے کہا ہے کہ وہ سفر کے دوران مسافروں کو ہراساں نہ کئے جانے کو یقینی بنائے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ کچھ روز کے دوران ہریانہ، پنجاب، دلّی، راجستھان، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، تلنگانہ اور مہاراشٹر میں سردی میں اضافے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور مردوں کے ہاکی میں، آج رات کیپ ٹاؤن میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان سیریز کا دوسرا مقابلہ ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**LS Vande Mataram**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کسی بھی چیلنج سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور وندے ماترم کی روح اِسے مضبوطی فراہم کرتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ وندے ماترم ایک گیت نہیں بلکہ حوصلے کا ایک وسیلہ ہے، جو عوام کو اپنے فرائض کے تئیں بیدار کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ وندے ماترم، ملک کی تحریک ہے کیونکہ عوام ایک آتم نربھر بھارت کے لیے کام کر رہی ہے۔ وزیر اعظم نے یہ بات آج لوک سبھا میں قومی گیت، وندے ماترم کے 150سال پورے ہونے پر ایک مباحثے کے دوران کہی۔ Bankimchandra Chatterji نے 1875میں قومی گیت لکھا تھا۔

بحث کی شروعات کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ وندے ماترم کے منتر نے پورے ملک کو ایک طاقت اور تحریک دی اور آزادی کی تحریک کو جوش سے بھر دیا۔

**S/B 2100 PM Atmanirbhar Bharat**

جناب مودی نے کہا کہ آج وندے ماترم کو یاد کرنا، اِس ایوان کے ممبروں اور ملک کے عوام کیلئے ایک اہم لمحہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ وندے ماترم، آزادی کی جدوجہد میں بھی ایک تحریک کے طور پر کام کیا تھا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وندے ماترم، ایک ایسی طاقت ہے جو لوگوں کو مجاہدین آزادی کے خوابوں کو پورا کرنے کیلئے ترغیب دیتی ہے۔جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ مسلم لیگ کی سیاست نے 1937 میں وندے ماترم کی مخالفت کی۔ انھوں نے وندے ماترم پر کانگریس کے نقطہ نظر کی بھی نکتہ چینی کی۔ انھوں نے الزام لگایا کہ کانگریس قومی گیت کے معاملے پر مسلم لیگ کے سامنے جھک گئی۔ وزیر اعظم نے الزام لگایا کہ محمد علی جناح نے وندے ماترم کے خلاف نعرہ بلند کیا اور اُس وقت کے کانگریس صدر جواہر لال نہرو نے جناح کی مذمت کرنے کے بجائے وندے ماترم کی تفتیش شروع کردی۔بحث میں حصہ لیتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ وندے ماترم، ملک کے ماضی، حال اور مستقبل کا ایک حصہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ قومی گیت نے برطانوی حکمرانوں کے خلاف لڑائی میں مجاہدین آزادی کو استحکام فراہم کیا۔

**S/B 2045 Rajnath Singh**

بحث میں شرکت کرتے ہوئے کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی واڈرا نے کہا کہ وندے ماترم، ملک کی روح ہے اور سبھی بھارتی اِسے گاتے ہوئے فخر محسوس کرتے ہیں۔

**S/B 2045 Priyanka Gandhi**

دوسرے پارٹی لیڈر گورو گگوئی نے کہا کہ بنگال کے کئی قلمکاروں اور شاعروں نے ایسے نغمے لکھے جس نے آزادی کی تحریک میں عوام کی حوصلہ افزائی کی۔ انھوں نے الزام لگایا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے خطاب میں اِسے ایک سیاسی رنگ دینے کی کوشش کی ہے۔

سماجوادی پارٹی کے لیڈر اکھلیش یادو نے کہا کہ وندے ماترم نے عوام کو متحد کیا ہے۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ وندے ماترم کا مقصد فرقہ وارانہ سیاست کو مسترد کرنا ہے۔x

**RS Health Security Bill**

پارلیمنٹ نے ہیلتھ سکیورٹی سے نیشنل سکیورٹی Cess بل 2025 کو راجیہ سبھا کی جانب سے منظور کئے جانے اور اسے بحث کے بعد واپس لوک سبھا کو بھیجے جانے کے ساتھ ہی، اِس بل کو منظور کرلیا۔ اِس بل میں پان مسالحہ اور مرکزی حکومت کی جانب سے نوٹیفائی کی گئی دیگر اشیاء کی پیداوار پر Cess لگانے کی تجویز ہے۔ Cess سے حاصل ہونے والی رقم کو صحتِ عامہ اور قومی سکیورٹی پر خرچ کیا جائے گا۔ ایوانِ بالا میں اِس بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے، وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ اِس Cess کے ذریعے شہریوں کی صحت اور ملک کی فوجی تیاری کو مضبوطی فراہم کرنے کی خاطر ایک کارگر طریقۂ کار کی تجویز ہے۔

وزیرِ موصوف نے کہا کہ حکومت اِس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ صحت کا تعلق ریاست کے دائرۂ اختیار میں ہے، لہٰذا اِس سے حاصل ہونے والے Cess کو ریاستوں کے ساتھ شیئر کیا جائے گا۔ x

**RS Naidu Aviation Crisis**

شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ فضائی سلامتی کے معاملے میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا کیونکہ یہ حکومت کی سب سے اولین ترجیح ہے۔ Flight Duty Time Limitation (FDTL) رہنما خطوط کے نفاذ سے متعلق ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے، جناب نائیڈو نے راجیہ سبھا کو مطلع کیا کہ حکومت مختلف پروازوں کے منسوخ کئے جانے کے سلسلے میں انکوائری کررہی ہے، جس کے سبب مسافروں کو کافی پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔

انہوں نے کہا کہ حکومت، اِس صورتحال کو سنجیدگی سے لے رہی ہے اور اِس معاملے میں بہت سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی شخص یا شہری ہوا بازی کے تحت خدمات انجام دینے والی کسی تنظیم کی جانب سے رہنما خطوط کی تکمیل یا پابندی نہیں کی جاتی تو حکومت سخت کارروائی کرکے سبھی ایئرلائنس کیلئے ایک مثال قائم کرے گی۔x

**RS Price Capping**

شہری ہوا بازی کے وزیر کے رام موہن نائیڈو نے راجیہ سبھا کو بتایا کہ حکومت فضائی کرایوں کی حد مقرر کی ہے کیونکہ بعض پروازوں کے منسوخ ہونے کی وجہ سے طیاروں کی قلت پیدا ہوئی ہے۔ اضافی سوالات کے جواب میں جناب نائیڈو نے کہا کہ حکومت نے فاصلے کی بنیاد پر قیمتوں کے چار سلیب تیار کئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ حکومت فضائی کرایوں کے مقررہ حد کی مستقل نگرانی کر رہی ہے اور جب بھی کسی خاص موسم کے دوران کرایہ میں اضافہ دیکھا گیا تو حکومت نے سخت کارروائی کی ہے۔x

**DGCA Indigo Response**

شہری ہوا بازی سے متعلق ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA کو وجہ بتاؤ نوٹس کے سلسلے میں IndiGo کا جواب موصول ہوا ہے، جو اُسے بڑے پیمانے پر فضائی خدمات میں رکاوٹ پیدا ہونے اور پروازیں منسوخ ہونے کیلئے دیا تھا۔ اپنے جواب میں IndiGo نے کہا ہے کہ وہ دِلی طور پر معافی چاہتا ہے اور صارفین کو ہوئی پریشانی کیلئے معذرت کا اظہار کرتا ہے۔ ایئرلائن نے اِس طرح رکاوٹ پیدا ہونے کو کئی معاملات کا اثر قرار دیا۔ x

**MoCA IindiGo**

شہری ہوا بازی کے وزارت نے بتایا کہ 5لاکھ 86ہزار 700مسافروں کے ٹکٹ رد کئے گئے ہیں اور 1 سے 7دسمبر کے درمیان 569 کروڑ روپئے سے زیادہ کا ریفنڈ کیا گیا ہے۔ وزارت نے یہ بھی کہا کہ مسافروں

کے کُل 9ہزار بیگ میں سے چار ہزار 500 بیگ کو حوالے کردیا گیا ہے، جبکہ بقیہ بیگ کو اگلے 36 گھنٹوں میں ان کے حوالے کردیا جائے گا۔x

**MEA Breifing**

بھارت نے برطانیہ کی حکومت کی جانب سے، بھارت مخالف انتہاپسند گروپوں پر پابندی کے سلسلے میں کئے گئے اقدامات کا یہ کہتے ہوئے خیرمقدم کیا ہے کہ یہ دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف عالمی لڑائی کو مستحکم کرے گا۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے، وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ ایسے لوگ اور گروپ نہ صرف بھارت اور برطانیہ کیلئے بلکہ پوری دنیا کے لوگوں کیلئے ایک خطرہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس اقدام سے غیرقانونی طریقے سے مالی مدد کی روک تھام اور ایک دوسرے کے ملک میں جرائم کے نیٹ ورک کو ختم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

بھارتی شہریوں کے چین کے سفر کے سلسلے میں، جناب جیسوال نے چین کی جانب سے بین الاقوامی فضائی سفر سے متعلق ضابطوں کا احترام کئے جانے پر زور دیا۔ جناب جیسوال نے کہا کہ چینی حکام سے، اِس بات کی بھی امید کی جاتی ہے کہ وہ سفر کے دوران چین کے ہوائی اڈوں پر بھارتی شہریوں کو خاص طور سے نشانہ بنائے جانے، ہراساں کئے جانے اور حراست میں لئے جانے کی روک تھام کو یقینی بنائیں۔

**SB - 2045 - Randhir on China**

وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے پاکستان کی اُس رائے زنی کو بھی یہ کہتے ہوئے مسترد کردیا، جس میں اُس نے اروناچل پردیش کے چین کا حصہ ہونے کا دعویٰ کیا تھا اور کہا کہ اروناچل پردیش، بھارت کا ایک اٹوٹ حصہ رہے گا۔ سرحد پر جھڑپوں کی خبروں پر، جس میں مختلف افغان شہری ہلاک ہوگئے تھے، جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت بے قصور افغان شہریوں پر اِس طرح کے حملوں کی مذمت کرتا ہے اور افغانستان کی علاقائی سالمیت، خود مختاری اور آزادی کی بھرپور حمایت کرتا ہے۔

میانما کے انتخابات کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے، جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت، میانما میں جمہوریت کی منتقلی کی حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت امن مذاکرات اور میانما میں معمول کی بحالی کے سلسلے میں سبھی اقدامات کی حمایت جاری رکھے گا۔ x

**PM WHO Global Summit**

وزیر اعظم نریندر مودی 19 دسمبر کو نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں روایتی ادویات کے موضوع پر عالمی صحت تنظیم WHO کی دوسری گلوبل سربراہ کانفرنس کی اختتامی تقریب سے خطاب کریں گے۔ WHO کے ڈائریکٹر جنرل Tedros Adhanom Ghebreyesus، صحت کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا اور آیوش کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو بھی اِس تقریب میں موجود ہوں گے۔

نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے آیوش کے مرکزی وزیر جناب جادھو نے کہا کہ

یہ تقریب دنیا بھر کے وزرا، پالیسی سازوں، صحت سے متعلق عالمی رہنماؤں، تحقیق کاروں، ماہرین، صنعت کے نمائندوں اور پریکٹشنرس کو ایک ساتھ لائے گی۔x

**IMD**

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے انڈمان و نکوبار جزائر، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں کل تک گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Nitika**

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، اڈیشہ، پنجاب، تلنگانہ اور ودربھ میں سرد لہر کی پیشگوئی کی ہے۔ اگلے تین سے چار دنوں تک، اسی طرح کا موسم ہریانہ، راجستھان، مدھیہ مہاراشٹر، مراٹھواڑہ اور دلّی میں رہے گا۔ محکمۂ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے دو دنوں تک مشرقی اترپردیش، ہماچل پردیش اور اڈیشہ میں گھنا کہرا چھایا رہے گا۔ اگلے دو دنوں تک آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ کے کچھ حصوں میں اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ اس دوران آج شام دلّی - NCR میں ہوا کا معیار خراب زمرے میں درج کیا گیا ہے۔ آلودگی سے متعلق مرکزی کنٹرول بورڈ کے مطابق آج 7 بجے تک خطے میں ہوا کے معیار کا اوسط اشاریہ AQI ، تین سو درج کیا گیا ہے۔

Ishani Yadav اور نیتیکا گپتا کی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی دلّی سے میں تنویر الفرید

**Shivraj Agribusiness Summit**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج اجاگر کیا ہے کہ بھارت کے گنّے کی پیداوار میں 2014سے 44فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ نئی دلّی میں زرعی تجارت سربراہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیرموصوف نے کہا کہ سرکار نے بازار سے متعلق اقدامات کی اسکیم کے تحت اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ کسانوں کو اُن کی پیداوار کی مناسب قیمت مل سکے۔ انھوں نے کہا کہ پھل اور سبزیوں کی فصلوں کیلئے اگر قیمت ایک مخصوص حد سے نیچے گِرتی ہے تو سرکار، قیمت اور فروخت کے درمیان ہونے والے نقصان کی رقم کو کسانوں کے اکاؤنٹ میں بالواسطہ طور پر جمع کرے گی۔x

**Court Blast Custody**

دلّی کی ایک عدالت نے آج 10نومبر کو ہونے والے لال قلعہ دھماکہ کیس میں گرفتار کئے گئے تین ڈاکٹروں اور ایک مبلغ کی NIA کی تحویل میں چار دن کی توسیع کی ہے۔ ڈاکٹر مزمل غنیؔ، ڈاکٹر عدیل راتھر، ڈاکٹر شاہینہ سعید اور مولوی عرفان احمد واگے کو پرنسپل اور سیشن جج انجو بجاج چندنا کے سامنے پیش کیا گیا کیونکہ اُن کی دس دن کی تحویل ختم ہوگئی تھی۔ NIA نے اب تک اِس کیس میں 7افراد کو گرفتار کیا ہے۔ تفتیش کاروں کے مطابق یہ

ایک وھائٹ کالر دہشت گرد ماڈیول ہے، جس کا پردہ فاش پہلے جموں وکشمیر پولیس نے کیا تھا۔ NIA کا کہنا ہے کہ وہ اِس کیس میں ملوث دوسرے لوگوں کی شناخت کیلئے کئی مختلف سراغوں پر کام اور ریاست بھر میں تلاشی کی کارروائی کر رہی ہے۔x

## UGC Women Empowerment

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن UGC نے اداروں سے کہا ہے کہ وہ خاتون طلبا اور ملازمین کیلئے پروگرام، کانفرنس اور سیمینار کا انعقاد کریں۔ UGC نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے عین مطابق ہے اور اس کا مقصد خواتین کے تئیں حساسیت، قیادت کی ترقی اور خواتین کو بااختیار بنانے سے متعلق معاملات پر بیداری کو فروغ دینا ہے۔x

## Hockey South Africa Tour

مردوں کے ہاکی میں آج رات کیپ ٹاؤن میں تین میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔ بھارتی وقت کے مطابق یہ میچ 10 بجکر 30 منٹ پر شروع ہوگا۔ بھارت نے کل سیریز کے پہلے میچ میں پانچ–دو سے جیت درج کی تھی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆